Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

خیبر پختونخوا کابینہ کی جانب سے 9 مئی کے واقعات کی عدالتی تحقیقات کیلئے کمیشن کے قیام کی منظوری کی معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے خیبر پختونخوا کابینہ کے فیصلے کا خیر مقدم

9 مئی کا فالس فلیگ آپریشن ملکی حالیہ تاریخ کے سیاہ ترین واقعات میں سے ایک ہے، اس فالس فلیگ آپریشن کے ذریعے وفاق پاکستان کو زخمی، سیاست کو تباہ و برباد، آئین، قانون اور انصاف کے کھلے قتل اور بنیادی شہری و سیاسی آزادیوں کا قلع قمع کرنے کی شرمناک کوشش کی گئی، 9 مئی کے فالس فلیگ آپریشن کی آڑ میں پاکستان کے جمہوری تشخص کو ملیامیٹ کر کے ملک کو فردِ واحد کی شخصی آمریت کے چنگل میں جکڑنے کی کوشش کی گئی، 9 مئی کے فالس فلیگ آپریشن کے ذریعے عوام کے مقبول ترین قائد اور سابق وزیراعظم کو ہائی کورٹ کے اندر سے اغوا کیا گیا اور پر امن احتجاج کیلئے نکلنے والے نہتے شہریوں کے خون سے ہولی کھولی گئی، 9 مئی کے فالس فلیگ آپریشن کے بطن سے اغوا برائے بیان، جبری طلاقوں اور شہریوں کو جبراً لاپتہ کرنے کے مکروہ ریاستی سلسلے نے جنم لیا، 9 مئی کے فالس فلیگ آپریشن کی آڑ میں چادر اور چار دیواری کی حرمت پامال کی گئی، ماؤں بہنوں بیٹیوں کے سروں سے چادریں نوچی گئیں اور ہزاروں بے گناہ سیاسی کارکنوں اور شہریوں پر جبر و فسطائیت کے پہاڑ توڑے گئے، ترجمان تحریک انصاف

9 مئی کے فالس فلیگ آپریشن کے تحت لگائی گئی آگ میں دستور و انصاف کو زندہ جلایا گیا اور پاکستان کو ریاستی ایجنسیوں کی چراہگاہ میں بدل دیا گیا، 9 مئی کے اسی فالس فلیگ آپریشن کے باب میں عدلیہ اور میڈیا کو بھی زنجیریں پہنادی گئیں اور سچ اور عدل کو طاقتور کی باندیاں بنادیا گیا، ترجمان تحریک انصاف

9 مئی کے فالس فلیگ آپریشن کا نشانہ بننے کے بعد بانی چیئرمین تحریک انصاف عمران خان نے چیف جسٹس آف پاکستان سے اس پورے آپریشن کی اعلیٰ سطحی عدالتی تحقیقات کا مطالبہ کیا، خیبر پختونخوا کابینہ کی جانب سے کمیشن کے ذریعے 9 مئی کے واقعات کی تحقیقات کا فیصلہ خوش آئند ہے، تحریک انصاف یہ سمجھتی ہے کہ جب بھی 9 مئی کے واقعات کی آزادانہ، غیر جانبدارانہ اور منصفانہ تحقیقات کی جائیں گی ریاستی پناہ گاہوں میں محفوظ شر پسندوں کے چہرے بے نقاب ہوں گے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ